سوال

(233)مقتدی کا نماز میں فاتحہ پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مقتدی نماز میں سورۂ فاتحہ کس وقت پڑھے، جس وقت امام فاتحہ پڑھ رہا ہو اس وقت یا جب وہ دوسری سورت پڑھنا شروع کردے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

افضل یہ ہے کہ مقتدی فاتحہ کو اس وقت پڑھے جب امام اس کی قراءت کرچکا ہو تاکہ اس قراءت کو سن سکے جو فرض اور نماز کا رکن ہے کیونکہ اگر اس نے فاتحہ کو اس وقت پڑھا جب امام پڑھ رہا تھا تو یہ رکن کے لیے خاموش نہ رہا بلکہ اس نے خاموشی فاتحہ کے بعد والی قراءت کے لیے اختیار کی جو نفل ہے، لہٰذا افضل یہ ہے کہ فاتحہ کی قراءت کے وقت خاموشی اختیار کی جائے کیونکہ رکن قراءت کو سننا سنت قراءت کے سننے سے افضل ہے۔ یہ تو ہے اس مسئلے کا ایک پہلو اور اس کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ امام جب ''وَلَا الضَّآلِّيْنَ'' کہے اور آپ امام کی متابعت میں آمین نہ کہیں تو آپ جماعت سے خارج ہو جائیں گے، لہٰذا افضل یہ ہے کہ امام کے قراءت فاتحہ سے فارغ ہونے کے بعد آپ فاتحہ پڑھیں۔

وباللہ التوفیق

فتاویٰ ارکان اسلام

نماز کے مسائل صفحہ 271

محدث فتویٰ